اردوذیلی عنوان برائےٹی وی پروگرام

ہانگ کانگ جیوگرافک 2016

ایپی سوڈ 09

جگنوؤں کی کہانی

لب لباب:

شہر کے لوگوں کے لئے جگنو رومانوی اور بعید دونوں ہیں۔ زیادہ تر لوگوں کو اس کے بارے میں اینی میشن کے ذریعہ ہی سے معلوم ہے، تاہم یہ لوگ شاید ہی کبھی اس چھوٹے سے پُراسرار کیڑے کے نذدیک گئے ہونگے۔۔ دراصل ہانگ کانگ میں جگنوں کی 30 اقسام ہیں!

رات میں رقص کرنے والے جگنو پہلے سے ہی بلوغت کے مرحلےمیں ہیں، جو جو اُنکی زندگی کا اختتامی چکر ہے؛ یہ کیڑے چند دنوں تک ہی زندہ رہ سکتے ہیں۔ اپنے زندگی کے اس مختصر دور میں وہ جنسی تعلقات قائم کرنے کی ہمیشہ کوشش کرتے ہیں؛ اس کے پیٹ کے نچلےحصے میں روشنی دو جنسوں کے درمیان رابطے کےلئےایک اشارے کے طور پرڈیزائن کی گئی ہےـتاہم انسان کی طرف سے تیار روشنی کی آلودگی ان کےمواصلات اورافزائش نوکومتاثرکرسکتی ہے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ دیہی علاقوں میں تیزی سے پھیلتی ترقی ان کے رہائش کے لئے خطرناک ثابت ہوسکتی ہے۔

بہت سےلوگوں کا ماننا ہےکہ جگنوآبی کیڑے ہیں جو صرف موسم گرما میں نظرآتے ہیں۔ دراصل ہانک کانگ میں زیادہ نظر آنے والے کیڑے خشکی والے ہیں اور کچھ سپیشز کی بلوغت صرف موسم بہار اور موسم سرما میں فعال رہتی ہے؛ مثال کے طور پر ریشمی جگنو جس کےجسم پر "پَر" اور "مخمل کا زرہ بکتر" ہوتے ہیں یہ وہ سپیشز ہیں جو اکتوبر اور دسمبر کے مابین فعال رہتا ہے۔ ہانک کانگ اینٹومولوجیکل سوسائٹی کے صدرجناب ایپو وور اور فائر فلائی کنزرویشن فاونڈیشن لمیٹیڈ کے چیئرمین جناب مارک مکی سیو-فُنگ ہماری پروڈکشن ٹیم کو اس پراسرارجگنو کی خوبیوں اور رازوں کو بے نقاب کرنے کے لئے اپنے ساتھ لے جائینگے۔

نشریات کی جانکاری:

19-03-2018 ،پیر، 1730-1800

(ری پیٹ)

23-03-2018 ،جمعہ، 1030-1100

24-03-2018 ،سنیچر، 0630-0700